کتاب کی کتابت و طباعت اچھی ہے

شرح اسماء الحسنیٰ مصنف: قاضی محمد سلیمان منصور پوری۔

ناشر: مکتبۂ نذیریہ۔ چیچی امرسدھو۔ فیروز پور روڈ۔ لاہور

صفحات: ۲۶۵ کاغذ و طباعت عمدہ

قیمت: بارہ روپے

مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ وہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں "رحمۃ للعالمین" کا ہدیۂ خلوص و عقیدت پیش کر کے شہرت دوام حاصل کر چکے ہیں۔ قاضی صاحب جہاں ایک مستند اور بلند پایہ مؤرخ ہیں وہاں دینی تعلیمات کے پابند بھی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مؤلف نے اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) اسمائے حسنیٰ کی دلپذیر لیکن عام فہم تشریح کی ہے۔ اور ہر اسم مقدس کا انسانی سیرت و کردار پر جو اثر مترتب ہوتا ہے اور جن برکات کا پیکر ہوتا ہے اُن کا بیان بھی نہایت ہی عمدہ پیرایہ میں کیا ہے۔ مسلمانوں کی عظیم اکثریت اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا وِرد کرتی ہے لیکن اُن میں سے بہت ہی قلیل تعداد ان اسماء الحسنیٰ کے مفہوم و معانی اور ان کے تقاضوں کا شعور رکھتی ہے۔ شرح اسماء الحسنیٰ کا مطالعہ ان سعید روحوں کے لیے جو اللہ تعالیٰ کے مقدس ناموں کو وردِ زبان رکھتی ہیں، بہت مفید ثابت ہوگا۔ ان اسمائے گرامی کی حقیقی عظمت کا نشان ان کے دل پر نقش ہوگا اور حقیقی روحانی لذت سے بہرہ ور کرے گا۔

کتابت و طباعت نہایت عمدہ ہے اور قیمت بھی مناسب ہے۔